باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | با اعتماد اور با اصول صحافت کا علمبردار

DAILY JEHAN ISLAMABAD
روزنامہ جہان اسلام آباد
www.dailyjehan.com
چیف ایڈیٹر: سید حسن وقار تراب
E-Mail: dailyjehan@gmail.com
بانی: سید محمد حسن
صفحات 6 قیمت 25 روپے

جلد: 33 | ہفتہ 04 محرم الحرام 1448ھ 20 جون 2026ء | شمارہ: 156

# عورت فاؤنڈیشن کا ایران، امریکہ مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم

## ایرانی قوم کی استقامت، ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، نعیم مرزا

اسلام آباد (زخرف منال) گزشتہ روز 18 جون 2026ء عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ؟ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد جاری کردہ ایک پریس بیان میں ای ڈی عورت فاؤنڈیشن نعیم احمد مرزا نے کہا گیا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ اس امید کی تعبیر نے ثابت کر دیا ہے کہ عالمی طاقت کے ڈھانچے اور عوامی سطح پر اب بھی عقل و دانش کی بالادستی قائم ہے، اور اگر انسان متحد ہو جائیں تو دنیا کو ممکنہ خطرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کا مؤقف ہے کہ تباہ کن جنگ کے دوران ایران کے عوام، جن میں اسکول جانے والی بچیاں، شیر خوار بچے اور ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شامل ہیں، نے ایسی بے مثال قربانیاں دی ہیں جن کی مثال مشرقِ وسطیٰ کی گزشتہ ایک ہزار سالہ تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔ بیان میں کہا گیا: "ہم ایرانی عوام کی استقامت، ثابت قدمی اور عظیم قربانیوں کو عقیدت و احترام کے ساتھ سلام پیش کرتے ہیں۔"